مقبول ہے ہر ایک اقبال کا شیدائی ہے، ان کے اشعار سینکڑوں کی تعداد میں ہیں ہر موضوع پہ انکے اشعار دستیاب ہیں انکی ہر پہلو پہ اہل قلم نے کام بھی کیا ہے، زیرتبصرہ کتاب ''کلام اقبال موضوعاتی ترتیب'' میں محترم ابن غوری صاحب نے انکی تمام فکری اشعار کو موضوع وار مرتب کرنے کی کوشش کی ہے اور تقریبا ڈھائی سو عنوانات کے تحت علامہ اقبال کے اشعار کو یکجا کیا ہے، یہ بہت بڑا علمی ادبی اور ملی اہمیت کا حامل کام ہے، یہ عاشقان کلام اقبال کے لئے ایک نادر اور قیمتی تحفہ ہے، جسے زمزم پبلشرز نے حسن طباعت کے ساتھ قارئین کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی 021-32729089

● **سفينة البلغاء** مؤلف: لفيف من الاساتذه ضخامت: ۲۱۵صفحات

علوم وفنون مین علم البلاغہ کی اہمیت ذی علم کے ہاں مسلم ہے خاص کر دینی علوم میں یہ ایک سیڑھی کی حیثیت رکھتا ہے، درس نظامی میں اس فن کی کتابیں موجود ہے لیکن مبتدی طلبہ کی رسائی فہم اس کیلئے مشکل ہے اس لئے بعض ماہرین فن نے ابتدائی طلبہ کی سہولت کی خاطر زیر تبصرہ کتاب سفية البلغاء کو مرتب کیا، اس کتاب کو نہایت عام فہم اور آسان عربی میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ہر مبحث کو تمرنیات اور سوال و جواب سے حل کرنے کا طریقہ اپنایا گیا ہے ،املا اور ترقیم کا خیال رکھا گیا ہے، علم البلاغہ کے طلبہ کیلئے یہ مجموعہ بہتر رہے گا۔ زمزم والے لائق صد تحسین ہیں کہ انہوں نے اس عام فہم کتاب کو اہل علم کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی 021-32729089

● **عربی صفوة المصادر مع لغات جدیدة** مولف: مولانا مشتاق احمد چرتھاویؒ ضخامت: ۱۲۸صفحات

صفوة المصادر مولانا مشتاق احمد چرتھاویؒ کی ایک مقبول عام و خاص تصنیف ہے اور تعلم وفہم عربی کا ایک مثالی مجموعہ ہے، اس کتاب کو عرصہ دراز سے مختلف طباعتی ادارے چھاپ رہے ہیں ،اس دفعہ زمزم پبلشرز والوں نے نہایت ہی اعلیٰ اور حسین انداز میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے اور مولانا ابوبکر پٹنی صاحب کی اضافات نے کتاب کو چار چاند لگا کر مفید تر بنایا ہے اور مولانا نور عالم خلیل امینی کی تقریظ سے اس کتاب کی اہمیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔اس کتاب کو زمزم پبلشرز کراچی نے شائع کیا 021-32729089

● **شرح مائۃ عامل** مؤلف: الشیخ عبدالقاہر الجرجانیؒ ضخامت: ۳۰صفحات

شرح مائۃ عامل علم نحو کا ایک معروف ومشہور کتاب ہے، دینی مدارس کی ابتدائی طلبہ کو پڑھائی جاتی ہے اس کتاب کے مختلف نسخے متداول ہیں بعض حواشی اور تعلیقات کے ساتھ بعض بغیر حواشی کے، زمزم پبلشرز کے احباب نے تیس صفحات میں اس کتاب کو ایسے انداز سے شائع کیا ہے کہ جس پر نہ حواشی ہیں نہ اعراب، تاکہ طلبہ بغیر کسی مدد ومعاون کے ازخود اس متن کا اعراب حل کرکے اپنی ذہنی استعداد بڑھاسکیں ،امید ہے کہ طلبہ اس سے مستفید ہونگے۔ اس کتاب کو زمزم پبلشرز کراچی نے شائع کیا، برائے رابطہ 021-32729089